B.Ed./1 Sem/P-106(Urdu)/Dec 2015

December 2015ء دسمبر | B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ | (Semester-1) سمسٹر۔ا

پرچہ ۱۰۶ : تدریسیاتِ اردو
Paper - 106 : Pedagogy of Urdu

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

حصہ A

10 x 5 =50

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

1. (الف) انسان کو حیوان ناطق کہا جاتا ہے؟ کیوں؟

یا

(ب) زبان کے اہم افعال کو لکھیے۔

2. (الف) اشاروں کی زبان اور علامتوں کی زبان میں کیا فرق ہے؟

یا

(ب) ہندوستانی دستور نے اقلیتی زبانوں کے تحفظ وفروغ کے لیے کون سی مراعات دی ہیں؟

3. (الف) غزل کی ساخت کو مثالوں کے ذریعے سمجھایئے۔

یا

(ب) اردو ادب میں مکتوب نگاری کے فن پر ایک نوٹ لکھیے۔

4. (الف) ثانوی سطح پر اردو کی تدریس میں بحث ومباحثہ کے طریقہ کے استعمال سے طلبہ میں کون سی مہارتیں فروغ پاتی ہیں؟

یا

(ب) کیا قصہ گوئی کا طریقہ، ثانوی سطح پر تدریس کے لیے موزوں ہے؟ مدلل جواب دیجیے۔

5. (الف) اردو زبان وادب کی تدریس میں کون سے عام اصول پیش نظر رہنے چاہئیں؟

یا

(ب) ''سننا اور بولنا ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں''۔ وضاحت کیجیے۔

6. (الف) آب حیات میں محمد حسین آزاد نے اردو کے آغاز کے تعلق سے کس نظریہ کو پیش کیا؟

یا

(ب) بلند خوانی اور خاموش خوانی کے فائدے بتایئے۔

7. (الف) تدریس اردو کے ذریعے آپ بحیثیت اُستاد کا طلبہ کی اخلاقی تربیت اور اقدار کا فروغ کس طرح کریں گے؟

یا

(ب) تدریسی سبق کے دوران آپ طلبہ کو مشکل ونامانوس الفاظ کے معانی کس طرح سمجھائیں گے؟

.8 (الف) اردو املا کے اہم مسائل کیا ہیں؟ بحیثیت استاد آپ ان کو کس طرح دور کریں گے؟

یا

(ب) آزاد نظم کسے کہتے ہیں؟ اردو میں آزاد نظموں کا رواج کس زبان کے ادب کے زیر اثر ہوا؟

.9 (الف) تدریس سبق میں محرکہ کا مرحلہ کیوں کر اہمیت کا حامل ہے؟

یا

(ب) خرد تدریس (Micro-teaching) کی منصوبہ بندی کے اہم اجزا کیا ہیں؟

.10 (الف) ثانوی سطح پر تدریس نظم کے اہم مقاصد کیا ہیں؟

یا

(ب) طلبہ میں عام طور پر تلفظ کی غلطیاں کیوں پائی جاتی ہیں؟ آپ انہیں کس طرح دور کریں گے؟

حصہ B

نوٹ: (1) **مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔** **2 x 10 = 20**

(2) **ہر سوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔**

(3) **ہر سوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔**

.11 (الف) تدریس قواعد کے اہم مقاصد لکھیے۔ قواعد کی تدریس کے استقرائی طریقہ کو مثالوں کو ذریعے سمجھائیے۔

یا

(ب) اردو زبان و ادب کے ارتقا میں میرؔ و غالبؔ کے دور کی خصوصیات اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

.12 (الف) ثانوی سطح پر طلبہ میں مطالعہ کی عادت کو فروغ دینے کے لیے چند سرگرمیوں کو تجویز کیجیے۔

یا

(ب) ''ادب کو سماج اور زندگی کا عکاس ہونا چاہیے۔'' اس بیان سے آپ کس حد تک متفق ہیں؟

☆☆☆